Reg. No. ....

Name : ....

FY-421

FIRST YEAR HIGHER SECONDARY EXAMINATION, MARCH 2023

Part–III

URDU (Optional)

Maximum : 80 Scores

Time : 2 ½ Hours

Cool-off time : 15 Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.

1 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : (7 × 1 = 7)

1. شروع میں اردو کئی ناموں سے مشہور تھی، کوئی ایک نام لکھیے۔

2. رباعی کا دوسرا نام کیا ہے؟

3. پسندیدہ کسی ایک افسانے کا نام لکھیے۔

4. شاعرِ مشرق کے نام سے کون مشہور ہے؟

5. سبق 'برج بانو' کے لیے کوئی دوسرا مناسب عنوان تجویز کیجیے۔

6. پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر کا نام لکھیے۔

7. پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر کا نام لکھیے۔

8. اصنافِ شاعری میں سے پسندیدہ کسی ایک کا نام لکھیے۔

9 سے 13 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب دو جملوں میں لکھیے : (4 × 2 = 8)

9. دو مشہور اردو غزل گلوکاروں کے نام لکھیے۔

10. آپ نے کئی غزلیں پڑھی ہوں گی۔ کوئی ایک شعر لکھیے۔

11. پسندیدہ کوئی ایک اردو اشتہاری جملہ لکھیے۔

12. پسندیدہ دو آپ بیتیوں کے نام لکھیے۔

13. ڈراما ''دارا شکوہ'' میں سے دو پسندیدہ کرداروں کے نام لکھیے۔

14 سے 19 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم چار جملوں میں لکھیے : (5 × 4 = 20)

14. اردو کی تشکیل و تعمیر میں کن کن بولیوں اور زبانوں کا حصّہ ہے؟ واضح کیجیے۔

15. ''نہیں بابو جی ! یہ رہنے دیجیے۔ میں غریب ہوں لیکن بھکارن نہیں ہوں''۔ اس پر آپ کے خیالات لکھیے۔

16. ''شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا''
اقبالؔ دنیا کی شورش سے کیوں بھاگنا چاہتے ہیں؟ لکھیے۔

17. ”یہ لوگوں سے عشق نہیں کرتی لوگ اس سے عشق کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں“۔ لوگ برج بانو سے عشق کرنے پر کیوں مجبور ہو جاتے ہیں ؟

18. قطعہ کی چار خصوصیات لکھیے۔

19. اورنگ زیب اپنے بھائی دارا کو قتل کرکے حکومت پر قبضہ جماتا ہے۔ اس پر آپ کے خیالات واضح کیجیے۔

20 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم چھ جملوں میں لکھیے : **(4 × 6 = 24)**

20. افسانہ 'روشنی' میں سے پسندیدہ کسی ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

21. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ آپ کے خیالات لکھیے۔

22. نظم اور رباعی کو موازنہ کرتے ہوئے ایک نوٹ لکھیے۔

23. ڈراما 'دارا شکوہ' کی کہانی مختصر کرکے لکھیے۔

24. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

کیوں سب کو سنائے حال ابتر اپنا
جب اس میں قصور ہو سراسر اپنا
ہم کوستے ہیں عبث مقدّر کو ندیم
اعمال سے بنتا ہے مقدر اپنا

25 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم سات جملوں میں لکھیے : (3 × 7 = 21)

25. ''اردو زبان کی عالمگیریت'' اس موضوع پر ہونے والے سیمنار کے لیے چند نکات لکھیے۔

26. ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے بارے میں نوٹ لکھیے :

ولی دکنی - الطاف حسین حالؔی - میر تقی میرؔ

27. 'داراشکوہ' میں سے پسندیدہ کسی ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

28. نظم ''ایک آرزو'' کے ذریعے شاعر علامہ محمد اقبالؔ کیا کہنا چاہتا ہے؟ نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔